ایک تاریخی اشتہار

تہتر برس پرانے اس تاریخی اشتہار کے دیکھنے سے ذہنوں میں تاریخ کے کتنے ہی روشن عنوانات جگمگانے لگتے ہیں۔ دین پور کی دورافتادہ اور ''پسماندہ'' بستی میں امامِ حریت حضرت خلیفہ غلام محمد دین پوری رحمتہ اللہ علیہ کے وجود کی کشش سے نجانے کہاں کہاں سے داعیانِ حق تشریف لایا کرتے تھے۔ یہ اشتہار اُسی عہدِ ماضی کا ایک یادگار عکس ہے۔

حضرت امیرِ شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ اس روحانی اجتماع میں شرکت کے بعد امرتسر پہنچے اور وہاں سے ۲۱، ۲۲، ۲۳؍ اکتوبر ۱۹۳۴ء کو مجلس احرارِ اسلام کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والی تاریخی احرار تبلیغ کانفرنس میں شرکت کے لیے قادیان تشریف لے گئے۔ احرار تبلیغ کانفرنس کے آخری اجلاس کی صدارت حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ نے فرمائی اور آخری خطاب حضرت امیرِ شریعت رحمہ اللہ نے فرمایا۔ (مدیر)

ایک بہترین خوشخبری

بتاریخ ۷۔ ۸۔ ۹۔ رجب المرجب ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۷۔ ۱۸۔ ۱۹۔ اکتوبر ۱۹۳۴ء

بروز بدھ۔ جمعرات۔ جمعہ خانپور ریاست بہاولپور میں ہندوستان پنجاب اور ریاست مذکور کے چیدہ ترین علمائے کرام کا مبارک اجتماع ہوگا۔ اس مبارک جلسہ کی شرکت کیلئے برادرانِ اسلام کی خدمت میں التماس ہے کہ تشریف لاکر مقدس حضرات کے فیوضات سے دیدہ و دل کو منور فرمائیں۔ جلسہ میں شرکت کرنیوالے حضرات کے خورد طعام کا انتظام منتظمین جلسہ کی طرف سے ہوگا۔

فہرست علمائے کرام جنہوں نے تشریف آوری کا حتمی وعدہ فرمالیا ہے

(۱) حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند
(۲) حضرت مولانا قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند
(۳) حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری امرتسری
(۴) حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر احرار ہند لودھیانوی
(۵) حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری
(۶) حضرت مولانا خیر محمد صاحب ساکن مخل حمزہ
(۷) حضرت مولانا حبیب اللہ صاحب امرتسری۔
(۸) حضرت مولانا محمد صدیق صاحب حاجی پوری (ضلع ڈیرہ غازیخان)
(۹) حضرت مولانا عبداللہ صاحب رحیم آبادی (ریاست بہاولپور)
(۱۰) حضرت مولانا قاضی احسان احمد صاحب شجاع آبادی۔

المعلن

عبدالہادی عفی عنہ خلف اعلیحضرت دامت برکاتہم دینپوری (ریاست بہاولپور)